# ہاسپٹل اتھارٹی ہیلتھ گائیڈ
# یوریںری کیتھیٹر کی دیکھ بھال

## (1) تعارف

- یوریںری کیتھیٹر ایک نرم ربر ٹیوب ہوتی ہے جو کہ یوریتھرا کے ذریعے مثانہ میں داخل کی جاتی ہے اور اسے جسم سے پیشاب کی نکاسی کے لیے ڈرینج بیگ کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے۔
- یوریںتری کیتھیٹر کی دو الگ ٹیوبیں ہوتی ہیں۔ ایک پیشاب کی نکاسی کے لیے، اور دوسری ٹیوبوں کے آخر میں غبارے میں پانی داخل کرنے کے لیے ہوتی ہے تاکہ یوریںری کیتھیٹر کو مثانہ کے اندر رکھا جا سکے۔
- اندر موجود یوریںری کیتھیٹر کا دورانیہ انفرادی صورت حالات سے مشروط ہے۔


## (2) یوریںری کیتھیٹر کی دیکھ بھال کی ہدایات

A. یوریںری کیتھیٹر کو محفوظ رکھنا


- مرد: یوریںری کیتھیٹر کو ذکر کے قریب ران کی اندرونی طرف محفوظ رکھیں
- خاتون: یوریںری کیتھیٹر کو اعضائے تناسل سے نیچے ران کی اندرونی طرف محفوظ رکھیں

B. ڈرینج بیگ کی دیکھ بھال کے مشورے

- عام طور پر ڈرینج بیگ کو تب تک تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے جب تک یہ پھٹ نہ جائے یا بیگ میں سے پیشاب رِسنے لگ جائے۔
- یقینی بنائیں کہ نکاسی ہموار انداز میں ہو۔ ڈرینج ٹیوب کو بل دار ہونے یا گرہ کے لگنے سے بچایا جائے۔
- ڈرینج بیگ کو باقاعدگی سے خالی کریں (تقریباً ہر 4 گھنٹے) بعد یا جب یہ 2/3 بھرا ہو۔
- ڈرینج بیگ کو خالی کرنے کے طریقے:
  - ہاتھوں کو صابن یا 70% الکحول سے بنے ہینڈرب سے صاف کیا جائے
  - ڈرینج ٹیب کے آخری سرے کو 70% الکوحل وائپ کی مدد سے صاف کیا جائے
  - بیگ سے پیشاب کی نکاسی کے لیے ڈرینج ٹیوب کو کھولا جائے۔ یقینی بنائیں کہ ڈرینج ٹیوب کی نوک کو دیگر اشیاء سے چھونے سے بچایا جائے۔
  - ٹیوب کو بند کر دیں اور اس کے آخری سرے کو 70% الکحول وائپ سے صاف کریں
  - صابن سے ہاتھوں کو دھو لیں
  - پیشاب کی مقدار، رنگ، اور بو ریکارڈ کریں



- ڈرینج بیگ کی تبدیلی کے طریقہ کار
  - ہاتھوں کو 80%-70 الکحول سے بنے ہینڈرب سے صاف کریں
  - کیتھیٹر ڈریجنج ٹیوب جنکشن کو 70% الکوحل وائپ سے صاف کریں
  - پیشاب کو باہر نکلنے سے روکنے کے لیے یورینری کیتھیٹر کو ڈرینج بیگ کے قدرے قریب سےشکنجہ لگا دیں
  - ڈرینج بیگ کو یورینری کیتھیٹر سے غیر منسلک کریں، اور نئے بیگ سے منسلک کر دیں۔ یورینری کیتھیٹر کے کھلے سِروں اور ڈرینج ٹیوب کو کو دیگر اشیاء، جیسا کہ ہاتھوں اور کپڑوں، وغیرہ سے چھونے کی اجازت نہ دیں
  - ڈرینج بیگ سے پیشاب کو نکال دیں اور بیگ کو کچرے کی ٹوکری میں پھینک دیں۔ ہاتھوں کو دھو لیں۔




کیتھیٹر-ڈرینج ٹیوب جنکشن

C. کب یورینری کیتھیٹر کو تبدیل کیا جائے

- میٹریلز اور انفرادی صورت حال پر انحصار کرتے ہوئے، یورینری کیتھیٹر اور ڈرینج بیگ کو ہر 4-2 ہفتوں کے بعد ہیلتھ کیئر عملے کی طرف سے تبدیل کیا جانا چاہیے۔

D. پیشاب کی نالی کے انفیکشن سے بچاؤ

- ڈرینج بیگ کو مثانہ کے لیول سے ہمہ وقت نیچے رکھا جائے۔
- ڈرینج بیگ کو فرش پر لگنے اور گندی اشیاء سے دور رکھنے کے حوالے سے دیکھ بھال کی جائے۔
- ڈرینج بیگ کو یورینری کیتھیٹر سے الگ نہ کیا جائے الا یہ کہ اسے بدلنے کی ضرورت درپیش ہو۔

E. ذاتی نگہداشت اور حفظان صحت

- یورینری کیتھیٹر کی جگہ اور اس کے آس پاس کی جلد کو روزانہ صابن اور پانی کے ذریعے صاف رکھیں۔
- فی یوم 2-1.5 لیٹرز (تقریباً 8-6 گلاس) مائعات لیں تاکہ پیشاب کی نالی کے انفیکشن سے بچا جا سکے الا یہ کہ معکوس علامات ہوں۔
- پیشاب عام طور پر زرد-پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ مزید پانی پئیں اگر یہ گہرے پیلے رنگ کا ہو۔

## (3) اگر درج ذیل کیفیات میں سے کوئی درپیش ہوں تو فوری طور پر اپنے ڈاکٹر سے مشاورت کریں

- پیشاب کی نالی کے انفیکشن کی علامات: غلیظ بدبو یا غیر شفاف پیشاب یا پیشاب میں خون، بخار، تھراہٹ یا کمر کے نچلے حصے میں درد
- یورینری کیتھیٹر کے دخول کے مقام پر سوجن
- یورینری کیتھیٹر سے پیشاب کا اخراج نہ ہونا یا پیٹ کے نچلے حصے کا پھولنا
- یورینری کیتھیٹر کی پھسلن
- یورینری کیتھیٹر کے گرد پیشاب کا رساؤ
- یورینری کیتھیٹر میں درد
- پیشاب کی نکاسی کی واضح کمی

تیار کردہ از کوآرڈینیٹنگ کمیٹی اِن ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی
ہاسپٹل اتھارٹی
دسمبر 2021